© rasailojaraid.com



آئندہ کی ابدی دنیا سے متعلق قرار دیتے ہیں اور ایٹم بم کو ابدی حطمہ کا ایک دنیوی عارضی مظہر قرار دیتے ہیں۔

پمفلٹ میں انہوں نے کچھ سائنسی انداز پر یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ ایٹمی قوت سے متعلق اصطلاحات کیا ہیں، ایٹم بم کا عمل کس طرح ہوتا ہے اور اس کے مختلف پہلو کیا ہیں جو حطمہ کے عمل سے مشابہت رکھتے ہیں۔

یہ دلچسپ گفتگو افسوس ہے کہ اچھے کتابتی اور طباعتی انداز میں پیش نہیں کی گئی۔

---

**ارمغانِ دکن** | از: بہادر یار جنگ اکادمی - سراج الدولہ روڈ، بہادر آباد، کراچی ۵

قیمت: ۵/- روپے۔

یہ مجموعہ ہے ان تحریروں کا جن میں حیدر آباد دکن کے ادیبوں اور شعراء نے اقبالؒ کو اس موقع پر نذرانۂ تحسین و محبت پیش کیا جب اقبال صدی کی تقریبات منائی گئیں۔

حیدر آباد کو اقبال کے تعلق سے کئی اعزاز حاصل ہیں۔ ۱- علامہ اقبال کی زندگی میں پہلا یوم اقبال نہایت عظیم الشان پیمانہ پر بلدۂ حیدر آباد میں منایا گیا۔ ۲- علامہ کے انتقال کے بعد قائد ملت بہادر یار جنگ نے اپنی کوٹھی پر درس اقبال کا سلسلہ شروع کیا۔ ۳- مطالعۂ اقبال کے سلسلے میں سب سے پہلی بنیادی کتاب "روح اقبال" حیدر آباد ہی میں لکھی گئی۔ ۴- علامہ اقبال کے اردو کلام کا مجموعہ "کلیاتِ اقبال" کے نام سے سب سے پہلے حیدر آباد ہی میں شائع ہوا۔ ۵- علامہ اقبال کے نثری مضامین کا پہلا مجموعہ "مضامینِ اقبال" کے نام سے حیدر آباد ہی نے شائع کیا۔ ۶- "بزمِ اقبال" بھی سب سے پہلے حیدر آباد میں قائم ہوئی۔

---

© rasailojaraid.com